Alberta

# خبروں کا اعلامیہ

## امیگریشن میں اضافہ معیشت کی جیت ہے

2 فروری، 2023

**البرٹا تارکین وطن میں اضافے کے ذریعے اپنی اقتصادی رفتار کو جاری رکھ سکتا ہے, جس سے مقامی معیشتوں کو سہارا ملے گا اور اہم شعبوں میں ملازمتیں بھرنے میں مدد ملے گی۔**

البرٹا کی حکومت تارکین وطن کی تعداد میں ہر سال اضافے کے لیے وفاقی حکومت سے پرزور وکالت کرتی رہی ہے۔ البرٹا کی معیشت کے بڑھتے ہوئے اور تقریباً 100,000 ملازمتوں کی خالی آسامیوں کے ساتھ، صوبے کو زیادہ ہنر مند کارکنوں کی ضرورت ہے۔

اس وکالت کی وجہ سے، البرٹا کی حکومت کو معلوم ہوا ہے کہ البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program (AAIP)) 2023 میں 9,750 نامزدگیاں جاری کرنے کے قابل ہو گا۔ اسے 2024 میں 10,140 نامزدگیوں اور 2025 میں 10,849 نامزدگیوں کی اجازت ملنے کی توقع ہے، جو کہ 2022 میں اجازت دی گئی 6,500 سے خاطر خواہ اضافہ ہے۔

" البرٹا کو مزید تارکین وطن(امیگرنٹس) کی ضرورت ہے۔ اپنی کمیونٹیز کی ترقی میں مدد کے لیے، کلیدی شعبوں میں مزدوروں کی کمی کو دور کرنے کے لیے اور البرٹا کی معاشی کامیابی کو جاری رکھنے میں مدد کے لیے، ہمیں ان کی ضرورت ہے۔ البرٹا کی نامزدگیوں کی تعداد میں اضافے کے لیے میں نے کئی مہینوں تک وفاقی حکومت کو متاثر کرنے کی کوشش (لابنگ) کی ہے، اور مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ انہوں نے میری درخواست کو سنا ہے۔"

*راجن ساہنی (Rajan Sawhney)، منسٹر آف ٹریڈ، امیگریشن اینڈ ملٹیکلچرزم (Minister of Trade, Immigration and Multiculturalism)*

البرٹا کی طرف تارکین وطن کو راغب کرنا صوبے بھرکے کارکنوں کی کمی کو دور کرنے کے لیے کلیدی حیثیت رکھے گا۔ نئے آنے والے نئی مہارتیں اور ہنر لے کر آتے ہیں جودیگر مہارتوں کے ساتھ ساتھ، صحت کی دیکھ بھال، تعمیرات، ٹیکنالوجی، زراعت اور سیاحت اور مہمان نوازی (ہاسپیٹلیٹی) جیسی اہم صنعتوں کو مدد فراہم کریں گے۔

"البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) کے لیے نامزدگی کے سرٹیفکیٹس کی تعداد میں اضافہ ایک اچھی خبر ہے۔ نئے آنے والے نہ صرف البرٹا کی افرادی قوت کے لیے نئی مہارتیں، خیالات اور تصور (وژن) لاتے ہیں، بلکہ وہ ہمیں روزگار کے مواقع پیدا کرنے، معیشت کو متنوع بنانے اور معیشت کے تمام شعبوں میں افرادی قوت کو مضبوط بنانے میں بھی مدد کرتے ہیں۔"

*کیسی مادو(Kaycee Madu)، منسٹر آف اسکیلڈ ٹریڈس اینڈ پروفیشنسز (Minister of Skilled Trades and Professions)*

**متعلقہ معلومات**

[البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program)]

[آپرچونٹی البرٹا(Opportunity Alberta)]

**میڈیا سے پوچھ گچھ**

گیریٹ کوہلر(Garrett Koehler)
garrett.koehler@gov.ab.ca
780-554-5777
پریس سکریٹری، ٹریڈ، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرلزم (Press Secretary, Trade, Immigration and Multiculturalism)

# خبروں کا اعلامیہ

صوبے بھر میں مقامی معیشتوں کی مدد کے لیےاے اے آئی پی(AAIP)میں دیہی تجدید اور دیہی کاروباری سلسلے (Rural Renewal and Rural Entrepreneur Streams) شامل ہیں۔ یہ سلسلے (اسٹریمس) تارکین وطن کو دیہی البرٹا کی طرف راغب کرتے ہیں جہاں وہ کمیونٹی کے مضبوط ممبرز بنیں گے اور شہری علاقوں سے باہر ملازمت کی آسامیاں پُر کریں گے۔

"دنیا نےان تجدید شدہ البرٹا ایڈوانٹیج (Renewed Alberta Advantage) اور کامیابی کے مواقع کو پکڑ لیا ہے جو صرف یہاں مل سکتے ہیں۔ دیہی تجدید اور دیہی کاروباری سلسلے (Rural Renewal and Rural Entrepreneur Streams) اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہنر مند نئے آنے والوں کی مدد کی جائے اور وہ البرٹا کے سب سے بڑے شہروں سے باہر والی جگہوں میں ترقی کی منازل طے کر سکیں اور ہمارے صوبے بھر میں دستیاب اسامیوں کو پُر کرسکیں۔"
برائن جین*(Brian Jean)* ، منسٹر آف جابز، ایکونومی اینڈ ناردرن ڈیویلپمنٹ *(Minister of Jobs, Economy and Northern Development)*

اے اے آئی پی (AAIP)نئے آنے والوں کو تمام شعبوں اور مہارت کی تمام سطحوں پر، بشمول عارضی غیر ملکی کارکنان اور بین الاقوامی گریجویٹس اور کاروباری افراد، کو البرٹا میں مستقل رہائش حاصل کرنے کے مختلف راستے فراہم کرتا ہے۔

"نئے آنے والے البرٹا میں قابل قدر مہارتیں لاتے ہیں اور ہماری معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے یہ البرٹا کے لیے بہت اچھی خبر ہے، اور یہ ہماری حکومت کی طرف سے ہنر کارکنوں کی کمی کا مقابلہ کرنے کا ایک اور طریقہ ہے ۔ ایڈوانسڈ ایجوکیشن (Advanced Education) اس بات کو یقینی بناتی رہے گی کہ ہمارا پوسٹ سیکنڈری تعلیمی نظام قابل رسائی اور قابل استطاعت رہے، تاکہ ہر کسی کو وہ ہنر اور علم حاصل کرنے کا موقع ملے جو انہیں کامیاب کیریئر بنانے اور البرٹا کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے درکار ہے۔"
*ڈیمیٹریوس نکولئیڈی(Demetrios Nicolaides)، منسٹر آف ایڈوانسڈ ایجوکیشن (Minister of Advanced Education)*

مجموعی طور پر، نئے تارکین وطن کو نامزد کرنے کی البرٹا کی بڑھتی ہوئی صلاحیت صوبے کی اقتصادی رفتار کو آنے والے سالوں تک جاری رکھے گی۔
" نئے آنے والوں کی یہ اضافی تعداد جنہیں البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program)کے ذریعے البرٹا خوش آمدید کرنے کے قابل ہوگا، ہماری معیشت اور معاشرے کے لیے ایک بامعنی مثبت ثابت ہو گی۔ امیگریشن بہت سے طریقوں سے البرٹا کی مدد کرتی ہے، جن میں سے ایک بہت زیادہ مانگ والے پیشوں میں اہم کمی کو پورا کرنے میں مدد کرنا ہے۔ ہم نے ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیز رفتار اقتصادی امیگریشن میں بڑے اضافے کا مطالبہ کیا ہے، اور ہم صوبائی اور وفاقی حکومتوں کو شاباشی دیتے ہیں، کہ انہوں نے ایسا کرنے کے لیے مل کر کام کیا ہے۔
ایڈم لیگے*(Adam Legge)* ، *صدر، بزنس کونسل آف البرٹا (President, Business Council of Alberta)*

**فوری حقائق**

- جب کہ البرٹا نے 2021 کے آغاز سے 120,000 ملازمتیں شامل کی ہیں، لیکن اب بھی تقریباً 74,140 ملازمتیں دستیاب ہیں اور 2025 تک بہت سے پیشوں، مہارت کی سطحوں اور شعبوں میں 33,100 کارکنوں کی کمی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔
- اکتوبر 2020 کے بعد سے، البرٹا نے مواقع کو بڑھانے اور ہنر مند نئے آنے والوں کو راغب کرنے کے لیے متعدد نئے راستے بنائے ہیں، پروگرام ایڈجسٹمنٹس کی ہیں اور پروسیسنگ کی تدجیحی طریق کار قائم کیے ہیں۔ ان اقدامات میں شامل ہیں :
  - البرٹا ایکسپریس انٹری اسٹریم(Alberta Express Entry Stream) – البرٹا فیملی کنکشن کے ساتھ اعلی مانگ کی مہارتیں۔
  - مذہبی کارکنوں کی اہلیت
  - دیہی تجدید کا سلسلہ(Rural Renewal Stream)
  - دیہی کاروباری سلسلہ(Rural Entrepreneur Stream)
  - یوکرین میں بحران کا جواب

- تیز رفتار ٹیک پاتھ وے (Accelerated Tech Pathway)
- غیر ملکی گریجویٹ انٹرپرینیور اسٹریم (Foreign Graduate Entrepreneur Stream)
- گریجویٹ انٹرپرینیور اسٹریم (Graduate Entrepreneur Stream)